


# شیر خوار کا پیٹ درد



**شیر خوار قولنج یا بچہ قولنج یا تین مہینے کا قولنج** وہ کیفیت ہے جب کہ پر خور اور صحت مند بچہ لمبے وقفے تک بے قابو ہو کر روتا ہے۔ یہ 3 ہفتے کی عمر سے 4-3 مہینے تک جاری رہتا ہے۔

### قولنج مندرجہ ذیل کی وجہ سے واقع ہو سکتا ھے:

- خام ہاضمہ اور عصبی نظام
- کھانوں کے درمیان نگلی ہوئی ہوا
- دودھ پروٹین کے لئے الرجی

### قولنج کے ساتھ بچہ

- لمبے وقفوں تک روتا ہے
- اپنا سر اٹھاتا ہے، اپنی ٹانگیں ناف تک اٹھاتا ہے، چہرہ سرخ ہو جاتا ہے اور ہوا خارج کرتا ہے۔
- دودھ لینے سے انکار کرتا ہے
- سونے سے قاصر ہے۔

### قولنج زدہ بچے کو ٹھنڈا کرنا:

- بچے کو سیدھی ہیئت میں پکڑیں۔
- بچے کے پیٹ پر گرم تولیہ یا گرم پانی کی بوتل رکھیں (دھیان رہے کہ بچے کی ملائم جلد جل نہ جائے)





بچے کو کمبل میں لپیٹ دیں

بچے کو چوسنے کے لئے کوئی چیز دیں

پکڑ کر بچے کو جھلائیں

- پانچ چیزوں کی تعمیل کریں:

- بچے کو **بوتڑے میں باندھیں** یا آرام سے کمبل میں لپیٹیں۔
- بچے کو اس کے **پھلو یا پیٹ کے بل** رکھیں۔
- بچے کو بازو یا **جھولے** میں جھلائیں۔
- بچے کی کانوں میں **شش کی آواز** نکالیں۔
- بچے کو **چوسنے** کے لئے کوئی چیز دیں۔



پکا کر لیں کہ بچے کے سر کو سہارا دیا گیا ہے

بچے کا سر پیر کے انگوٹھے پر رکھیں

کاندھوں کے درمیان بچے کو نرمی سے رگڑیں یا تھپتھپائیں۔

**بچے کو ڈکار کرانے کے طریقے**

### کریں

- یقینی بنائیں کہ بچہ دودھ پیتے وقت ہوا نہیں نگلتا ہے۔
- دودھ پلاتے وقت بچے کو ڈکار دلائیں۔ بچے کو کاندھے سے پکڑیں اور اس کی پیٹھ کو تھپتھپائیں یا رگڑیں۔
- دودھ پروٹین کی الرجی میں مبتلا بچے کے لئے کم الرجی یا سویا دودھ فارمولا آزمائیں۔

### نہ کریں

- دودھ پلانا بند نہ کریں، دودھ چھڑانے سے قولنج بدتر ہو سکتا ہے۔
- تیز شور وغل، چمکدار روشنیوں اور پر شور کھلونوں اور کھڑکھڑانے والے کھلونوں سے پرہیز کریں۔

### ڈاکٹر کو دکھائیں اگر بچہ:


- خلاف معمولی طور روتا ہے
- اس کو دیگر علامات ہیں جیسے بخار، سانس لینے میں دشواری، قئے، دست یا بہت زیادہ نیند
- مندرجہ بالا اقدامات سے ٹھنڈا نہیں ہوتا ہے

### هومیوپیتھی کس طرح مدد کر سکتی هے؟


'طفلی قولنج' کے لئے عام طور پر استعمال ہونے والی ہومیو پیتھک ادویات مندرجہ ذیل ہیں۔ یہ صلاح دی جاتی ہے کہ کسی اہل ہومیو پیتھک ڈاکٹر سے مشورہ کیا جانا چاہیے۔

| علامات | ادویات |
| --- | --- |
| • قولنج بسبب<br>• گیس<br>• ٹھنڈ لگنا<br>• غصہ ہونے کے بعد<br>• بچہ قولنج کی وجہ سے پیٹ کی طرف اپنے گھٹنے موڑتا ہے | کولو سائنتھ 30 |
| • بہت تنک مزاج بچہ<br>• گرم چہرے اور سرخ گالوں کے ساتھ قولنج<br>• بچہ گود میں رہنا پسند کرتا ہے جس سے اسے آرام ملتا ہے<br>• تپش کی وجہ سے علامات بدتر ہو جاتی ہیں | کیمومیلا 30 |
| • قبض، گیس کی وجہ سے قولنج<br>• اکڑن یا کھینچاؤ والا درد<br>• رگڑنے، گرم سینک سے درد میں آرام ہو گیا | میگنیسیا فوسفورسیم 30 |
| • دست کے ساتھ قولنج<br>• بچہ سارا دن ٹھیک رہتا ہے لیکن رات میں روتا ہے اور بے چین ہو جاتا ہے۔ | جلاپا 30 |
| • قبض اور ریاح کی وجہ سے قولنج<br>• اشتہا کا فقدان | سینا 30 |

ورق کے پچھلے رخ پر دی گئی ہدایات کی تعمیل کریں۔






Homoeopathy for Healthy Mother and Happy Child
Multimedia campaign and three tier workshop at national, state and district levels

**زچہ اور بچہ نگھداشت کے لئے ہومیوپیتھی پر قومی مہم**

# شیر خوار قولنج اور
# ہومیوپیتھک
# انتظام



### ہومیو پیتھک علاج لینے کے دوران عام ہدایات:

- جیسا کہ اس اعلامیہ میں نشاندہی کی گئی ہے، ادویات کو اسی وقت لینا چاہئے جب کہ ہر دوا کے مقابل بیان کردہ علامت مریض سے میل کھاتی ہیں۔
- لی جانے والی دوا- 40 سائز کی 3 گولیاں ہر تین گھنٹے پر خشک حالت میں زبان پر سادہ پینے کے پانی میں۔
- دوا کو زبان صاف کرنے کے بعد اور زیادہ بہتر ہے کہ خالی پیٹ لینا چاہئے۔
- اگر 24 گھنٹے کے اندر بہتری آتی ہے تو دوا کو روک دینا چاہئے۔
- دوا لینے کے دوران، اگر مریض میں 24 گھنٹے کے اندر بہتری نہیں آتی ہے یا کسی وقت اس کی صحت بدتر ہو جاتی ہے تو، قریب ترین ہومیو پیتھک ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔
- ادویات کو تیز خوشبو والی اشیاء جیسے کافور، مینتھول وغیرہ سے دور رکھنا چاہئے۔
- ادویا کو دھوپ کے براہ راست اتصال سے دور، ٹھنڈی، خشک جگہ میں رکھنا چاہئے۔
- ادویات کو بچوں کی پہنچ سے دور رکھنا چاہئے۔

کسی بھی سوال کے لئے، براہ کرم رابطہ کریں:
ڈاکٹر آر کے من چندا
ڈپٹی ڈائرکٹر (اچ)
ڈائرکٹوریٹ آف آئی ایس ایم اینڈ ہومیوپیتھی
(ہومیو پیتھک ونگ)
سی ایس سی- III، فرسٹ فلور، بی بلاک، پریت وہار، دہلی-110092
ٹیلیفون: 2240019/20/22 ٹیلی-فیکس: 22440021
ای میل: ddhomeopathy@yahoo.co.in، ddhomhq@nic.in
ویب سائٹ: www.delhihomeo.com، www.homeo.delhigovt.nic.in

حکومت دہلی
ٹیم دہلی — خواب بنائے حقیقت

ڈپارٹمنٹ آف آیوروید، یوگا اینڈ نیچروپیتھی، یونانی، سدھا اینڈ ہومیوپیتھی (اے وائی یو ایس ایچ)
وزارت برائے صحت اور خاندانی بہبود
حکومت ہند

سینٹرل کونسل فار ریسرچ ان ہومیوپیتھی
(ڈپارٹمنٹ اف اے وائی یو ایس ایچ، وزارت برائے صحت اور خاندانی بہبود کی خود مختار تنظیم)

